# JOIN.NHN.NO پر وڈیو اپائنٹمنٹ – صارفین کے لیے رہنمائی

## اس سروس کے بارے میں

وڈیو اپائنٹمنٹ آپ کے ویب براؤزر سے ہوتی ہے یعنی اسی جگہ جہاں آپ عام طور پر آن لائن اخبارات اور دوسری چیزیں پڑھتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس Mac یا آئی فون ہے تو ہمارا مشورہ ہے کہ آپ گوگل کروم یا سفاری ویب براؤزر استعمال کریں۔
(Internet Explorer سے کام نہیں چلے گا لیکن Microsoft Edge اور Firefox سے کام ہو سکتا ہے)۔

## سروس کو کیسے استعمال کیا جائے؟

1. https://join.nhn.no پر جائیں (پورا ایڈریس لکھیں)




2. آپ اس صفحے پر پہنچیں گے: «Velkommen til Join»





3. 

اپنے نام کا پہلا حصہ لکھیں اور OK دبائیں۔


## کال کرنے سے پہلے

4. چیک کر لیں کہ آپ خود کو سکرین پر دیکھ سکتے ہیں۔



اگر آپ نہ دیکھ سکتے ہوں تو:

a. «Bruk kamera» دبائیں




b. سیٹنگز چیک کریں (دائیں طرف نیچے تین نقطوں کا نشان سیٹنگز کو ظاہر کرتا ہے)



کیمرہ آئیکون کو دبائیں اور چیک کریں کہ آپ نے درست کیمرہ چنا ہے۔

5. آواز چیک کریں


- اس کے لیے دیکھیں کہ نیچے دائیں طرف مائیکروفون کا نشان  سبز ہے اور اس کے اوپر لکیر نہیں ہے (مائیکروفون آن ہے)
- اور یہ بھی دیکھیں کہ جب آپ بات کر رہے ہوں تو تصویر کے نیچے سبز لکیر حرکت کرتی ہے۔



## کال کرنا:




6. اس نشان کو دبائیں





7. اوپر دائیں طرف خانے میں 6 ہندسوں والا نمبر لکھیں:



اس نشان کو دبائیں

8. سبز بٹن «Delta» پر کلک کریں۔ (آپ کو پن کوڈ کی ضرورت نہیں ہے)





9. کنیکٹ ہونے میں تھوڑا سا وقت لگ سکتا ہے: 15 – 20 سیکنڈ (سکرین پر دائرہ گھومتا رہے گا)

10. اگر ہسپتال تیار نہ ہو تو آپ انتظار کے صفحے پر پہنچ جاتے ہیں: «Velkommen. Venter på vert...»




11. اپائنٹمنٹ شروع ہوتی ہے۔




12. ماؤس کو ہلاتے ہوئے سکرین پر دوسرے امکانات دیکھیں (سکرین کے نچلے حصے میں بنی علامات دیکھیں)

اپنے کیمرے کو آف یا آن کریں۔

اپنے مائیکروفون کو آف یا آن کریں (mute بٹن)۔

بات چیت ختم کریں

## سیٹنگز: جب آپ بات چیت کر رہے ہوں تو آواز / تصویر

سکرین کے بائیں طرف تیر کے نشان کو دبائیں

سیٹنگز دیکھنے کے لیے تین نقطوں کے نشان کو دبائیں

کیمرے، مائیکروفون اور سپیکر کی سیٹنگز کے لیے Velg medieenheter چنیں
اور مطلوبہ نشان پر کلک کریں

تجویز: چیک کر لیں کہ کمپیوٹر کی آواز آن ہے